# 15-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے فروغ اور آلودگی پر قابو پانے کے لئے حکومت حیدرآباد میٹرو کے فیز2 کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے۔

۲۔ بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ایس آئی آر کے معاملہ پر کانگریس اور بی آر ایس غلط پروپیگنڈہ کر رہی ہیں۔

۳۔ ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ برسات کے موسم کے پیش نظر عوام کو کسی قسم کی دشواری سے بچانے کے لئے پیشگی احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔

اور

۴۔ سابق وزیر ہریش راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریس پارٹی نے انتخابات کے دوران عوام کو امیدیں دلا کر اقتدار حاصل کیا اور اب ان سے دھوکا کیا جارہا ہے۔

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے فروغ اور آلودگی پر قابو پانے کے لئے حکومت حیدرآباد میٹرو کے فیز2 کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے۔ آج سکریٹریٹ میں متعدد وزراء کے ساتھ منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ماضی میں میٹرو کی تعمیر کرنے والی ایل اینڈ ٹی کمپنی نے فیز2 کی تعمیر کے حوالہ سے اپنی بے بسی ظاہر کی تھی جس کے بعد ریاستی حکومت نے مرکز کو قائل کر کے اس منصوبے کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری سنبھالی۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 30 ہزار کروڑ روپے لاگت والے میٹرو فیز1 کو 15 ہزار کروڑ روپے میں حاصل کرنے کے لئے ریاستی حکومت نے رضامندی ظاہر کی ہے۔ اس سلسلہ میں وزیراعظم اور متعدد مرکزی وزراء سے

ملاقات کر کے درخواست بھی کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے الزام لگایا کہ سابق بی آر ایس حکومت کی غلطیوں کے باعث میٹرو ادارہ مالی مشکلات کا شکار ہوا۔ انہوں نے کہا کہ انڈین ریلوے فنانس کارپوریشن کے ذریعے 13 ہزار 600 کروڑ روپے قرض حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ سکندرآباد کے رکن پارلیمان کشن ریڈی نے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے آئی آر ایف سی سے ریاست کو منتقل ہونے والے فنڈس کے اجرا میں تعاون کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

Byte: Revanth Reddy

انہوں نے کہا کہ جس طرح احمد آباد، اتر پردیش اور وشاکھاپٹنم کے میٹرو منصوبوں کے لئے مرکز نے تعاون کیا اسی طرح حیدرآباد میٹرو کے لئے بھی تعاون فراہم کیا جانا چاہئے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت کا ہدف میٹرو کے پہلے مرحلہ کو اپنے کنٹرول میں لے کر فیز 2 کو مکمل کرنا ہے۔ اس موقع پر وزراء سریدھر بابو، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، سیتااکا، واکٹی سری ہری اور محمد اظہر الدین سمیت دیگر موجود تھے۔

N. Ramchander Rao

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ایس آئی آر کے معاملہ پر کانگریس اور بی آر ایس غلط پروپیگنڈہ کر رہی ہیں۔ بی جے پی ریاستی دفتر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں اب تک 12 مرتبہ ووٹر لسٹوں کی خصوصی نظر ثانی کی جا چکی ہے لہٰذا یہ کہنا درست نہیں کہ نریندر مودی حکومت نے کوئی نیا نظام متعارف کرایا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ یہ ایک آئینی اور مسلسل عمل ہے جسے الیکشن کمیشن آف انڈیا انجام دیتا ہے اور ماضی میں سپریم کورٹ آف انڈیا بھی اس کی توثیق کر چکی ہے۔ رام چندر راؤ نے الزام لگایا کہ حیدرآباد

کے اولڈسٹی سمیت سرحدی علاقوں میں روہنگیا، بنگلہ دیشی اور ہزاروں پاکستانی غیر قانونی طور پر ووٹرس کے طور پر رجسٹرڈ ہورہے ہیں۔ان کے مطابق ایس آئی آر کا مقصد اہل ہندوستانی شہریوں کے حقِ رائے دہی کا تحفظ کرنا ہے۔

PTC, Hyderabad

Sound Byte.

Yoga Walk

آیوش ضلع نوڈل آفیسر ڈاکٹر ششی پر بھانے کہا ہے کہ طرزِ زندگی سے متعلق بیماریوں سے بچنے کے لئے ہر فرد کو یوگا کرنا چاہئے۔راجنا سرسلہ ضلع مرکز میں آیوش وزارت کے زیر اہتمام یوگا واک کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر ڈاکٹر ششی پر بھانے کہا کہ طرزِ زندگی کی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے روزانہ کم از کم 30 منٹ یوگا کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ یوگا نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتا ہے بلکہ ذہنی سکون بھی فراہم کرتا ہے۔شرکاء نے ''یوگا ہی خاندان ہے، صحت ہی دولت ہے'' کے نعرے لگائے۔اس پروگرام میں یوگا اساتذہ اور دیگر افراد نے بھی شرکت کی۔

PTC, Rajanna Sircilla

Kalvakuntla Kavitha

تلنگانہ جاگروتی کی ریاستی صدر کے کویتا نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں برسرِ اقتدار کانگریس حکومت کسانوں کو مشکلات میں اضافہ کررہی ہے آصف آباد ضلع میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوریا بکنگ کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی نئی ایپ حکومت کو بھی سمجھ میں نہیں آ رہی، اس لئے اسے فوری طور پر منسوخ کیا جانا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے رعیتو ڈ سکام کے نام سے نیا ڈ سکام قائم کیا ہے لیکن اس

سے کسانوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ان کے مطابق 25 ہزار کروڑ روپے کے خسارہ کے ساتھ اس ادارہ کا آغاز کرنا حکومت کی نیت اور سنجیدگی پر سوالیہ نشان ہے۔

PTC, Asifabad

HelpAge India

عالمی یومِ انسدادِ بزرگوں کے استحصال کے موقع پر حیدرآباد کے سوندریا وگیان کیندر میں ہیلپ ایج انڈیا کے زیرِ اہتمام ایک تقریب منعقد کی گئی۔اس موقع پر موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث بزرگ افراد کو درپیش چیلنجز،ان کی نگہداشت اور سماجی تحفظ سے متعلق تیار کردہ قومی رپورٹ کا اجرا محکمہ بہبودِ بزرگاں کی کمشنر بی شیلجا اور این سی پی اے کے نائب صدر ڈاکٹر شری دھرنے مشترکہ طور پر کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بی شیلجا نے کہا کہ بدلتے ہوئے موسمی حالات اور معاشرتی تبدیلیوں کے باعث بیرونِ ملک اور شہروں میں مقیم اولاد اپنے معمر والدین کو نظرانداز کر رہی ہے جو تشویش ناک صورتحال ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں بزرگوں کو سہارا فراہم کرنے کے لئے تلنگانہ حکومت ایک نیا قانون متعارف کروا چکی ہے۔

PTC, Hyderabad

Harish Rao

سابق وزیر ورکنِ اسمبلی ہریش راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریس پارٹی نے انتخابات کے دوران عوام کو امیدیں دلا کر اقتدار حاصل کیا اور اب ان سے دھوکا کیا جا رہا ہے۔آج ضلع سدی پیٹ کے چنا کوڈور منڈل کے شنکرایا کنٹہ گاؤں میں بالا وکاس واٹر پلانٹ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شکرگزاری اور امید کے درمیان ہونے والے مقابلہ میں امید جیت گئی۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں بی آر ایس حکومت نے نہ

صرف کالیشورم منصوبہ کے ذریعہ آبپاشی کا پانی فراہم کیا بلکہ رعیّتو بندھو اور رعیّتو بیمہ جیسی فلاحی اسکیمیں بھی نافذ کیں۔ ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ موجودہ کانگریس حکومت نے رعیّتو بندھو اسکیم کو کمزور کردیا، کسانوں کے قرضوں کی معافی ادھوری چھوڑ دی اور رعیّتو بیمہ اسکیم کو بھی ختم کردیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ دوبارہ بی آر ایس پارٹی ہی اقتدار میں آئے گی اور کے چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں ریاست میں ایک بار پھر اچھے دن لوٹ آئیں گے۔

PTC, Siddipet

Nizamabad Collector

ضلع نظام آباد کے کلکٹر ایلا تری پاٹھی نے ہدایت دی ہے کہ 'پرجاوانی' پروگرام کو خصوصی اہمیت دیتے ہوئے عوامی شکایات کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ کلکٹریٹ میں آج منعقدہ پرجاوانی پروگرام کے دوران انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر 135 شکایات موصول ہوئی ہیں جنہیں زیرالتوا رکھنے کے بجائے جلد از جلد نمٹایا جانا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔

PTC, Kamareddy

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ دیہی تلنگانہ کو صفائی اور سرسبزی کا مثالی نمونہ بنانے کے لئے افسران کو نچلی سطح تک مزید ذمہ داری کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔ سکریٹریٹ سے ضلعی پنچایت افسران کے ساتھ منعقدہ ویڈیو کانفرنس کے دوران وزیر سیتا اکا نے صفائی، فنڈس کے استعمال، ون مہوتسو، پینے کے پانی کی حفاظت اور دیگر امور پر تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ برسات کے موسم کو مدنظر رکھتے ہوئے دیہات میں گندے نالوں کی مسلسل صفائی کی جائے۔ مچھروں کی افزائش روکنے

کے لئے بلیچنگ پاؤڈر کا چھڑکاؤ، پانی جمع ہونے والے مقامات پر آئل بالز کا استعمال اور روزانہ شام کے وقت فوگنگ کو لازمی بنایا جائے۔ وزیر نے مزید کہا کہ بازاروں، اہم چوراہوں اور عوامی آمد و رفت والے مقامات کو صاف ستھرا رکھا جائے جبکہ سڑکوں کے گڑھے بھر کر پانی جمع ہونے سے بھی روکا جائے۔

PTC, Hyderabad

TPCC Chief

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ تلنگانہ ریاست سونیا گاندھی کی کاوشوں سے وجود میں آئی اور اس معاملہ پر پون کلیان کا بیان نامناسب ہے۔ حیدرآباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پون کلیان تلنگانہ کے عوام کی حمایت سے ایک بڑے فلمی ستارے بنے ہیں اس لئے انہیں آندھرا پردیش کے نائب وزیراعلیٰ کی حیثیت سے اپنی ریاست کی ترقی پر توجہ دینی چاہیے۔ مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ فلموں کے مکالموں کی طرح بات کرنے کے بجائے پون کلیان کو جواہر لعل نہرو اور گاندھی خاندان کی قربانیوں کی تاریخ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر تلنگانہ کے بارے میں غیر مناسب بیانات دئے گئے تو انہیں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ پون کلیان کے تبصروں پر بی آر ایس قائدین کی خاموشی دونوں کے درمیان کسی خفیہ مفاہمت کی نشاندہی کرتی ہے۔

PTC, Hyderabad

Vivek Venkataswamy

محکمہ محنت کے وزیر ڈاکٹر جی ویویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ چائلڈ لیبر کے خاتمہ کو ایک سماجی تحریک کی شکل دی جانی چاہئے اور ہر بچہ کو مزدوری کے بجائے اسکول میں ہونا چاہئے۔ باغ لنگم پلی

کے سندرایا وگیان کیندر میں عالمی یومِ انسدادِ چائلڈ لیبر کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ غربت اور خاندانی مسائل کے باعث بچے کم عمری میں مزدوری پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے بچوں کی نشاندہی کر کے انہیں دوبارہ اسکولوں میں داخل کرانا پورے معاشرہ کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے اس قول کا حوالہ دیا کہ تعلیم ہی باعزت زندگی کی ضمانت ہے۔ وزیر نے کہا کہ بہت سے سابق چائلڈ لیبر بچے تعلیم حاصل کر کے اعلیٰ سرکاری اور نجی عہدوں تک پہنچے ہیں۔ ویویک وینکٹ سوامی نے واضح کیا کہ چائلڈ لیبر سے پاک تلنگانہ کی تعمیر کے لئے حکومت، رضا کارانہ تنظیموں اور عوام کو باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔

PTC - HYD

Cabinet Sub-Committee

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا کی صدارت میں منعقدہ کابینہ سب کمیٹی کے اجلاس میں زرعی ماہرین نے حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ بین الاقوامی منڈی میں زیادہ طلب رکھنے والی اعلیٰ معیار کی آٹھ اقسام کے دھان کی کاشت کو فروغ دیا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بی پی ٹی 5204، تلنگانہ سونا، جئے شری رام اور ایچ ایم ٹی جیسی خصوصی اقسام کی امریکہ، آسٹریلیا اور یورپی ممالک میں کافی مانگ ہے۔ ماہرین کے مطابق ان اقسام کی کاشت سے کسانوں کو امدادی قیمت سے زیادہ آمدنی حاصل ہوسکتی ہے۔انہوں نے مشورہ دیا کہ ایسی دھان کی اقسام کی کاشت کم کی جائے جن کی مارکٹ میں طلب نہیں ہے یا جو ملنگ کے دوران زیادہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں۔اس کے بجائے طلب پر مبنی فصلوں کے بارے میں دیہات میں وسیع پیمانے پر آگاہی پیدا کی جائے۔حکام نے اجلاس کو بتایا کہ اس اقدام سے رائس مل مالکان براہِ راست کسانوں سے خریداری کریں گے جس کے نتیجہ میں کسانوں کو نقصان کا اندیشہ نہیں رہے گا اور انہیں بہتر منافع حاصل ہوگا۔

Ponguleti

ریاستی وزیر برائے ریونیو و ڈیزاسٹر مینجمنٹ پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ برسات کے موسم کے پیش نظر عوام کو کسی قسم کی دشواری سے بچانے کے لئے پیشگی احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات رونما ہونے کے بعد ردعمل ظاہر کرنے کے بجائے پہلے سے حفاظتی تدابیر اختیار کرنا زیادہ اہم ہے۔وزیر نے بتایا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی ہدایات کے مطابق ریاستی سطح سے لے کر دیہی سطح تک پورے انتظامی نظام کو چوکس کر دیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے 19 تاریخ سے ایک ہفتہ تک شدید بارشوں کی پیش گوئی کے پیش نظر انہوں نے کلکٹروں اور ریونیو افسران کو مسلسل رابطہ اور باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دی۔پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ نشیبی اور زیرِ آب آنے والے علاقوں کی پہلے سے نشاندہی کی جائے اور برسات کے موسم کے اختتام تک عوام کی جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح بنایا جائے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تمام افسران ہر وقت مکمل طور پر مستعد رہیں۔

○○